16/01/2025

12.30 pm

آداب

يہ آکاش وانی سرينگر ہے ۔

اب آپ تجمل احمدسے خبريں سُنئے

ٰ وزيراعلی

ٰ وزيراعلی عمر عبدالله نے کئی سلسلہ وار ميٹنگوں کی صدارت کرتے ہوئے جموں کشمير کے شہری علاقوں ميں منصو بہ بند ترقی کےلئے مجوزه اسکيموں پر عمل آوری کے علاوه شہروں کے ترقياتی منظر نامے ميں اصلاحات کا جائزه ليا ۔ ميٹنگ ميں خاص طور پر لينڈ پولنگ ، قابل انتقال ترقياتی حقوق سے متعلق پلايسی پر تفصيلی بحث کے علاوه ٹهوس کچرے کو ٹهکانے لگانے کے معاملے کا جائزه ليا گيا ۔

ميٹنگ ميں وزير ٰ اعلی کے مشير ناصر اسلم وانی ، چيف سيکريٹری اتل ڈلو اور ديگر سينئر افسران بهی موجود تهے ۔

جتيندر سنگه

ڈاِکنگ کی کامياب تکميل پر Spadex سائنس اور ٹيکنلاوجی کے وزير ڈاکٹر جتيندر سنگه نے خلائی تحقيق کی بهارتی تنظيم کو مبارک باد پيش کی ہے ۔

سوشل ميڈيا کی ايک پوسٹ ميں انہوں نے کہا کہ اس پيش رفت سے بهارتيہ انترکش سٹيشن کے قيام // چندريان 4 // اور گگنيان جيسے مستقبل کے مشنوں کےلئے راه ہموار ہو رہی ہے ۔

وزرائ

نائب وزير ٰ اعلی سرندر کمار چودهری نے کہا ہے کہ سرکار سائنس اور تحقيق کے ٰ اعلی تعليمی اداروں ميں تعليم اور تحقيق کے معيار کو بلند کرنے کےلئے ُ پ ر عزم ہے ۔

نائب وزیر اعلیٰ، اُن سے ملنے آئے زرعی یونیورسٹی جموں کے وائس چانسلر ڈاکٹر بی این ترِپاٹھی سے بات کر رہے تھے .

سکینہ ایتو

صحت کی وزیر سکینہ ایتو نے راجوری ضلع میں پیش آئے پُر اسرار اموات کے واقعے سے متعلق عوام کو صبر و تحمل برتنے کے لئے کہا ہے اور اس سلسلے میں ضلع انتظامیہ اور پولیس کی طرف سے کی جا رہی تحقیقات میں تعاون دینے کی اپیل کی۔

انہوں نے کہا کہ سرسری طور پر ایسا معلوم ہو رہا ہے کہ ان اموات کا تعلق صحت سے جُڑے کسی مسلے سے نہیں ہے اور اصل حقائق کا پتہ لگانے کے لئے تحقیقات جاری ہے ۔

IMHANS

نے نفسیاتی (IMHANS) سرینگر میں قائم انسٹی چیوٹ آف مینٹل ہیلتھ اینڈ نیورو سائنسز امراض میں مبتلا مریضوں کے لئے ایک آن لائن ویڈیو کنسلٹیشن سروس کا آغاز کیا ہے۔ بادام واری کے متصل گورنمنٹ مینٹل اسپتال کا نیا نام ہے ۔ IMHANS

متعلقہ مریض ہر ہفتے منگلوار سے جمعہ تک صبح10بجے سے 2بجے تک14416 نمبر ڈائل کر کے اِن خدمات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

اضلاع

گورنمنٹ ڈگری کالج فرسل نے نیشنل سروس سکیم کے باہمی اشتراک سے کالج میں سڑک سلامتی سے متعلق ایک روزہ سمینار منعقد کیا ، جس دوران کالج کے عملے اور طلاب علموں کو روڑ سیفٹی سے متعلق ضروری جانکاری دی گئی ۔

دریں اثناءموٹل وہیکل ڈیپارٹمنٹ کولگام کی طرف سے قومی روڑ سیفٹی مہینہ 2025 کی مناسبت سے چلائی جا رہی مہم کے دوران 95 گاڑیوں کا معائنہ کیا گیا ، جس دوران تیس چالان کاٹے گئے اور ایک لاکھ 56 ہزار کا جرمانہ وصول کیا گیا ۔

بائز ہائر سیکنڈری اسکول بارہمولہ میں نشہ مُکت بھارت ابھیان کے تحت جانکاری عام کرنے کی غرض سے ضلع سطح کا ایک والی بال ٹورنامنٹ شروع کیا گیا ہے ، جس کا مقصد نوجوانوں کو منشیات سے دور رکھنے کے لئے انہیں کھیل کود کی طرف راغب کرانا ہے ۔

قومی

*... اُتر پردیش کے پریاگ راج میں جا ری مہا کمبھ عالمی توجہ کا مرکز بن رہا ہے ۔ کمبھ کے چوتھے دن آج دس ملکوں سے 21 ممبران پر مشتمل ایک وفد سنگم پر ڈبکی لگا رہا ہے۔ اس دوران مہا کمبھ میں صحت کی نگہداشت پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے ۔ ابھی تک لاکھوں شردھالو امرت اِسنان کر چکے ہیں ۔

*...وزیر اعظم نریندر مودی من کی بات کے اگلے پروگرام میں 19 جنوری کو عوام سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے ۔ یہ ان کے ماہانہ ریڈیو پروگرام کی 118 ویں قسط ہو گی ۔ لوگ 17 جنوری تک اس پروگرام کےلئے اپنی آرا اور تجاویز ارسال کر سکتے ہیں ۔

*...مرکزی سرکار کی فلیگ شپ پہل " سٹارٹ اپ انڈیا " کے 9 سال مکمل ہو گئے ہیں ۔ یہ پہل ملک میں اختراع اور کارخانہ داری کےلئے ایک فعال ماحول پیدا کرنے کی غرض سے شروع کی گئی تھی ۔

برفباری

وادی کے کچھ بالائی علاقوں میں ہلکی بارش اور برفباری شروع ہو گئی ہے ۔ تفصیلات کے مطابق قاضی گنڈ اور جواہر ٹنل میں ہلکی برفباری جبکہ رام بن اور بانہال کے علاقوں سے بارش ہونے کی اطلاع ہے ۔البتہ اس کے باوجود سرینگر جموں قومی شاہراہ دو طرفہ ٹریفک کےلئے کھلی ہے۔

اُدھر سرینگر کرگل روڈ، // بھد رواہ چھبا روڈ // مغل روڈ // بانڈی پورہ گریز روڑ //اورسنتھن کشتواڑ روڈ ٹریفک کےلئے فی الحال بند ہیں۔

شوپیان سے بھی خبر ہے کہ قصبے اور نواحی علاقوں میں برفباری شروع ہو گئی ہے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

**ہمیں دیجئے اجازت**

**خدا حافظ**

************